ڈائریکٹرز کی رپورٹ برائے اشتمالی مالیاتی گوشوارے

او ایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ (OLP) کے ڈائریکٹرز بمسرت گروپ کے آڈٹ شدہ اشتمالی مالیاتی گوشوارے برائے اختتام سال 30 جون 2022 پیش کرتے ہیں۔

گروپ میں شامل:

- او ایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ (OLP) ہولڈنگ کمپنی
- او ایل پی مضاربہ (OLPM) ذیلی کمپنی
- او ایل پی سروسز پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (OSP) ذیلی کمپنی

اختتام سال 30 جون 2022 کے لئے او ایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ (OLP) کی کارکردگی کا احاطہ کرتی ڈائریکٹرز کی رپورٹ صفحہ نمبر 44 پر پیش کی گئی ہے۔ جس میں کاروباری جائزہ، او ایل پی کی آپریشنل کارکردگی، مستقبل کے امکانات اور او ایل پی پر دیگر معلومات شامل ہیں۔ مذکورہ بالا رپورٹ کے مندرجات کو اس رپورٹ کے ساتھ پڑھا جائے، جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 227 اور سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے قوائد و ضوابط 2019 کی رو سے ڈائریکٹرز کی رپورٹ کا لازمی حصہ ہیں۔

گروپ کے نتائج

گروپ کے اشتمالی مالیاتی نتائج مختصراً درج ذیل ہیں:

تفصیلات	2022	2021
	------------روپے------------	
قبل از محصول (ٹیکس) منافع	1,469,848,815	1,402,397,165
محصولات (ٹیکس)	535,855,603	369,168,975
بعد از محصول (ٹیکس) سال کا منافع	933,993.212	1,033,228,190
ہولڈنگ کمپنی کے ایکویٹی شیئرز کے لئے منافع	854,585,497	921,041,652
اقلیتی شیئر ہولڈرز کے لئے منافع	79,407,715	112,186,538
فی شیئر منافع - بنیادی اور رقیق شدہ	4.87	5.25
تخصیص قانونی ریزرو میں منتقلی	44,110,519	182,962,107

شیئر ہولڈنگ کا طرز

شیئر ہولڈنگ کا طرز اور متعلقہ معلومات بمطابق 30 جون 2022 صفحہ نمبر 209 پر پیش کر دی گئی ہیں۔

اشتمالی مالیاتی گوشواروں پر مبنی مالیاتی اور عملی کارکردگی

گروپ کا اشتمالی منافع بعد از حصول (ٹیکس) برائے اختتام سال 30 جون 2022، 943 ملین روپے (2021: 1,033.2 ملین روپے) اور فی حصص آمدنی 4.87 روپے (2021: 5.25 روپے)۔ او ایل پی مضاربہ سے 111.5 ملین روپے (2021: 152.5 ملین روپے)۔ جبکہ او ایل پی سروسز پاکستان میں سے 27.9 ملین روپے نقصان ہوا (2021: 4.3 ملین روپے) او ایل پی مضاربہ میں 80٪ ایکویٹی اقلیتی حصص یافتگان کی ہے۔ اور اس طرح، او ایل پی مضاربہ کے منافع میں 89.2 ملین روپے (2021: 122 ملین روپے) اقلیتی حصص یافتگان کا حصہ ہے۔

بورڈ کی جانب سے

شاہین امین
چیف ایگزیکٹو آفیسر

آمنہ زاہد ظہیر
ڈائریکٹر

16 ستمبر 2022